© rasailojaraid.com



نہ ہو سکا ـــــ اور اہل حدیثو ! یہ اتنا بڑا حادثہ بھی تمہیں متفق و متحد نہ کر سکا تو یقین کر لینا کہ یہ حادثہ اس حادثہ سے کہیں بڑا ہو گا کہ جماعت حال ہی میں جس کا شکار ہوئی ہے، اور شاید یہ اس دور کا بھی سب سے بڑا المیہ ہو گا ـــــ العیاذ باللہ ـــــ اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی ـــــ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ !

(اکرام اللہ ساجد)

---

## سانحہ لاہور کے شہداء کے پس ماندگان اور مجروحین کے لئے امداد

پیرا خاندان کے سعودی عرب میں مقیم پاکستانی حضرات، مولانا عبدالمالک مجاہد کیلانی، ڈاکٹر حبیب الرحمٰن کیلانی، مولانا محمد اقبال کیلانی اور مولانا خالد محمود کیلانی نے سانحہ لاہور کے شہداء کے پس ماندگان اور مجروحین کے لئے مبلغ ایک لاکھ اٹھارہ ہزار (۱۸۰۰۰ را) روپے کا ڈرافٹ مولانا عبدالرحمٰن کیلانی کے نام روانہ کیا ہے۔ ۸ را پریل ۱۹۸۷ء کو کیلانی صاحب کی رہائش گاہ واقع "وسن پورہ لاہور" میں ایک مشاورتی کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ جس میں طے پایا کہ کمیٹی کے درج ذیل اراکین، شہداء لاہور کے پس ماندگان اور مجروحین سے ملاقات کریں گے اور یہ رقم انہیں بذریعہ چیک تقسیم کریں گے۔

| | |
|---|---|
| مولانا عبدالرحمٰن کیلانی | حافظ عبدالرحمٰن مدنی |
| پروفیسر حافظ محمد سعید | پروفیسر ظفر اقبال ملک |
| محمد یحییٰ صاحب مجاہد | راقم الحروف اکرام اللہ ساجد کیلانی |



© rasailojaraid.com